## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ملک بھر میں سانحہ 31/اکتوبر 1986ء سہراب گوٹھ کے شہداء کی 21ویں برسی منائی گئی

## سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں فاتحہ قرآن وخوانی کے چھوٹے بڑے اجتماعات کا انعقاد

## برسی کا مرکزی اجتماع عزیز آباد میں ہوا، رابطہ کمیٹی، وزراء، مشیران اراکین اسمبلی اور دیگر ذمہ داروں کی شرکت

کراچی ۔۔۔ 31/اکتوبر 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سانحہ 31اکتوبر 1986ء سہراب گوٹھ کے شہداء کی 21ویں برسی کراچی سمیت ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی اس سلسلے میں کراچی سمیت سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں قائم ایم کیوایم کے تمام زونل آفسز اور ضلعی دفاتر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے اور شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا۔اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم ، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین ڈاکٹر نصرت، شکیل عمر، ڈاکٹر عاصم رضا، نیک محمد، وسیم آفتاب، شاہد لطیف، آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ،ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، کراچی علاقائی سیکٹرز ویونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قرآن خوانی کے بعد سانحہ 31اکتوبر کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا اور شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا گیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی کامیابی، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی ۔سندھ ، پنجاب ،سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں قائم ایم کیوایم زونز اور ضلعی دفاتر میں بھی سانحہ 31/اکتوبر 86 کے شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ کے اجتماعات منعقد کیے گئے اور حق پرست شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے اجتماعی دعائیں کی گئیں۔

## بلوچستان سبی کے درجنوں افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت

## متحدہ کی جدوجہد کی مقصد فرسودہ نظام کا مکمل خاتمہ ہے، یوسف شاہوانی

کوئٹہ۔۔۔31/اکتوبر 2007ء۔۔۔بلوچستان کے شہر سبی اور گردونواح سے تعلق رکھنے والے درجنوں افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ، ایم کیوایم کے نظریئے اور عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز سبی شہر میں ایم کیوایم بلوچستان کی جانب سے منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگ میں ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی، صوبائی سیکریٹری نشرواشاعت نعیم احمد خان، صوبائی فنانس سیکریٹری ندیم احمد شیخ اور صوبائی کمیٹی کے رکن محمد کامران راجپوت کے علاوہ ایم کیوایم کے علاقائی ذمہ داران وکارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔کارنر میٹنگ میں ڈسٹرکٹ سبی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات ثناء اللہ مرغزانی، محمد ایوب ہامی اور دیگر نے خصوصی طور پر شرکت کی، انہوں نے ایم کیوایم کی پالیسیوں کو بے حد سراہا اور قائد تحریک الطاف حسین کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر ہر قربانی دینے کا عزم کیا۔ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی نے کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے دلوں میں اتر چکا ہے اور عوام میں شعور بیداری تیزی سے پھیل رہا ہے یہی وجہ ہے کہ ملک کے کونے کونے سے لوگ جوق درجوق ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والے تمام افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں رائج دو فیصد مراعات یافتہ طبقے اور فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرداری نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک پر 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہو۔قبل ازیں محمد یوسف شاہوانی ودیگر ذمہ داران نے سبی شہر کا تنظیمی دورہ کیا اور عوام سے ملاقات کرکے انہیں ایم کیوایم کے فکروفلسفے اور منشور سے آگاہ کیا۔اس موقع پر علاقائی ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## محترمہ نسیم اختر، بلند اختر اور نورجہاں بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔31/اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد ندیم کی ہمشیرہ محترمہ نسیم اختر زوجہ حامد حسین ،ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے شہید کارکن اشفاق شہید کے والد بلند اختر اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن ساجد محمود کی والدہ محترمہ نورجہاں کے انتقال پر گہرے رنج

وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین) دریں اثناء محترمہ نسیم اختر کو مہاجر کیمپ قبرستان بلدیہ ٹاؤن،اشفاق شہید کے والد بلند اختر مرحوم کو النور سوسائٹی قبرستان پاور ہاؤس،محترمہ نور جہاں بیگم مرحومہ کو کورنگی کے مقامی قبرستان میں میں سپرد خاک کردیا گیا مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی عابد علی امنگ،نواب مرزا،عبدالقدوس،ٹاؤن ناظمین کامران اختر،عارف خان ایڈووکیٹ،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،متعلقہ سیکٹرز کمیٹیوں کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز وقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆